پریس ریلیز

جنرل ہسپتال ایمرجنسی میں بلڈ پریشر اور ٹمپریچر کے لئے خصوصی کاؤنٹر قائم

لاہور 23اپریل:......پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا کہ جنرل ہسپتال شعبہ ایمرجنسی میں علاج معالجے کی غرض سے معمول کے مطابق 2 ہزار سے زائد مریض روزانہ آتے ہیں جن کے بلڈ پریشر اور ٹمپریچر کو چیک کرنے کے لئے خصوصی کاؤنٹر قائم کر دیا گیا ہے جہاں 24 گھنٹے میڈیکل سٹاف تعینات ہوگا تا کہ وہاں آنے والے شہریوں کو غیر ضروری ذہنی کوفت اور پریشانی سے بچایا جا سکے۔پرنسپل پی جی ایم آئی نے مزید بتایا کہ اکثر مریض کورونا کے مشتبہ کیس ہوتے ہیں جنہیں متعلقہ شعبے میں ریفر کر کے اُس کی تصدیق عمل میں لائی جاتی ہے۔پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ اس میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے کہ کورونا کی تیسری لہر ماضی سے زیادہ خطرناک اور گھمبیر ہے جس سے ڈاکٹرز،نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف انشاءاللہ اپنی پیشہ وارانہ محنت سے نمٹیں گے۔اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر عبدالرزاق،ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈاکٹر عبدالعزیز،ڈاکٹر شیراز نیازی،انور سلطانہ،عظمیٰ یاسین،صدف رفیق، حافظ کلثوم،آمنہ اور رانا پرویز و دیگر بھی موجود تھے۔پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کی ہدایات پر کورونا سے متاثرہ مریضوں کے لئے خصوصی وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں لیکن ہسپتال میں کی جانے والی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ شہریوں کو بھی حفاظتی تدابیر پر عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا۔پروفیسر الفرید ظفر نے اپیل کی کہ حکومت کی جانب سے فراہم کردہ ویکسی نیشن کی مفت سہولت حاصل کرتے ہوئے ہمیں اپنے آپ کو محفوظ بنانا چاہیے اور کورونا کے خطرے سے دور رہنا چاہیے۔

☆☆☆☆

جنرل ہسپتال شعبہ ایمرجنسی میں ٹمپریچر، بلڈ پریشر چیک کرنے کیلئے خصوصی کاؤنٹر قائم